***پاس تھرو پیمنٹ یا کمیولیٹیو ایکسس سپورٹ پیمنٹ کے پہلے درجے کے دفتری جائزے کی درخواست* مکمل کرنے کے لیے معلومات اور ہدایات**

براہ مہربانی آگے بڑھنے سے **پہلے** منسلک کردہ "میں کیسے جان سکتا ہوں کہ آیا مجھے دفتری جائزے کی درخواست کرنی چاہیے؟" کا جائزہ لیں۔

یہ معلومات یہاں بھی دستیاب ہیں https://www.childsupport.ny.gov/dcse/desk_review.html۔

## معلومات – تعریفیں

**اسائنمنٹ آف سپورٹ رائٹس:** جب آپ ٹمپریری اسسٹنس (TA) کے لیے درخواست دیتے ہیں، اور جب تک آپ کو TA موصول ہوتی ہے، آپ سوشل سروسز ڈسٹرکٹ (ڈسٹرکٹ) کو اپنے لیے اور کسی ایسے فرد کے لیے جن کے لیے آپ TA کی درخواست دے رہے ہیں یا وصول کر رہے ہیں، سپورٹ پیمنٹ وصول کرنے کے اپنے حقوق تفویض یا منتقل کر دیتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب آپ TA وصول کر رہے ہوں گے تو ڈسٹرکٹ آپ یا آپ کے خاندان کے لیے موصول ہونے والے سپورٹ کلکشنز کو اپنے پاس رکھے گی۔ ڈسٹرکٹ آپ کو یا آپ کے خاندان کو ادا کردہ TA کی واپسی کے لیے سپورٹ کا استعمال کرے گی۔ **ادا کی جانے والی TA میں TA کی ادائیگیاں شامل ہیں جو آپ کی جانب سے براہ راست مالک مکان، یوٹیلیٹی کمپنی، یا دوسرے وینڈر کو کی جاتی ہیں۔**

**پاس تھرو پیمنٹس:** اگر موجودہ معاونت کی آپلیگیشن اسی مہینے میں ادا کی جاتی ہے جس میں یہ واجب الادا ہے تو ڈسٹرکٹ آپ کو TA گرانٹ کے علاوہ ان تفویض کردہ معاونت کی وصولی کا ایک حصہ دے گی۔ آپ کو دی جانے والی چائلڈ سپورٹ کی ادائیگی کے حصے کو **پاس تھرو پیمنٹ** کہا جاتا ہے۔ پاس تھرو کی رقم جو آپ کو موصول ہوتی ہے اس کا انحصار آپ کے TA کیس میں 21 سال سے کم عمر کے افراد کی تعداد اور ہر ماہ وصول کی جانے والی موجودہ معاونت کی آبلیگیشن پر ہوتا ہے۔ **پاس تھرو پیمنٹس زیادہ سے زیادہ اس مالیت کی رقومات ہوتی ہیں:**

- موجودہ معاونت کی مد میں وصول ہونے والی $100.00 ماہانہ یا موجودہ معاونت کی آبلیگیشن کی رقم کی وصولی تک، ان میں سے جو بھی کم ہو، ایک ایسے خاندان کے لیے جس میں 21 سال سے کم عمر ایک فرد TA کے کیس پر فعال ہوں؛ یا
- موجودہ معاونت کی مد میں وصول ہونے والی $200.00 ماہانہ یا موجودہ معاونت کی آبلیگیشن کی رقم تک، ان میں سے جو بھی کم ہو، ایک ایسے خاندان کے لیے جس میں 21 سال سے کم عمر دو یا زائد افراد کسی TA کے کیس پر فعال ہوں۔

جس تاریخ سے آپ یہ درخواست کرتے ہیں اس تاریخ سے لے کر پچھلے کیلنڈر سال کے جنوری 1 تک تمام مدت یا اس مدت کے کچھ حصے کے لیے آپ **پاس تھرو پیمنٹ** کے پہلے درجے کے دفتری جائزے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**کمیولیٹیو ایکسس سپورٹ پیمنٹس:** اگر ڈسٹرکٹ کی طرف سے وصول کردہ اور رکھی گئی معاونت کی رقم آپ کو اور آپ کے خاندان کو ان تمام ادوار کے دوران ادا کی گئی TA کی کل رقم سے زیادہ ہے جن میں آپ اپنا TA کیس کھلنے کے بعد سے ڈسٹرکٹ میں TA پر تھے تو آپ معاونت کی اضافی رقم کے حقدار ہیں۔ **کمیولیٹیو ایکسس سپورٹ پیمنٹ** ڈسٹرکٹ کی طرف سے وصول کردہ اور رکھی گئی اضافی معاونت کی رقم کے برابر آپ کو کی جانے والی ادائیگی ہے۔

**کمیولیٹیو ایکسس سپورٹ پیمنٹ** کے پہلے درجے کے دفتری جائزے کے لیے اہل ہونے کے لیے، معاونت آپ کے درخواست دینے کی تاریخ اور پچھلے کیلنڈر سال کی 1 جنوری کے درمیان کسی وقت موصول اور تقسیم ہوئی ہونی چاہیے۔ لیکن جب آپ کا کمیولیٹیو ایکسس سپورٹ پیمنٹ کے دفتری جائزے کے اہل ہونے کا تعین ہو جاتا ہے تو جائزہ ان تمام ادوار کے لیے کیا جائے گا جب آپ اپنی ڈسٹرکٹ میں TA پر تھے۔

## فارم مکمل کرنے کی ہدایات

### حصہ A - آپ کی معلومات

براہ مہربانی ذیل درج کریں:

- مکمل نام۔
- سوشل سیکیورٹی نمبر (SSN) یا انڈیویجوئل ٹیکس پیئر آئیڈینٹیفیکیشن نمبر (ITIN)۔ ITIN ایک نو ہندسوں کا نمبر ہوتا ہے جو "9" سے شروع ہوتا ہے، یہ انٹرنل ریونیو سروس ان غیر ملکی شہریوں اور دیگر افراد کو جاری کرتا ہے جن کو امریکہ کا ٹیکس پیئر آئیڈینٹیفیکیشن نمبر درکار ہوتا ہے لیکن ان کے پاس SSN نہیں ہوتا یا وہ اس کو شوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریش سے حاصل کرنے کے اہل نہیں ہوتے۔
- اپنا ڈاک کا مکمل موجودہ پتہ، بشمول نمبر اور گلی کا پتہ (یا پوسٹ آفس بکس)، شہر، ریاست اور زپ کوڈ۔
- ٹیلی فون نمبر، علاقائی کوڈ کے ساتھ۔
- موکل کا شناختی نمبر (CIN)۔
- ٹمپریری اسسٹنس کا (کے) کیس نمبر (TA CAN[s])۔
- نیو یارک میں کیس کی شناخت کا ذریعہ (کے ذرائع) (چائلڈ سپورٹ اکاؤنٹ کا نمبر (کے نمبرز))۔ اگر آپ کے ایک سے زائد چائلڈ سپورٹ اکاؤنٹ ہو تو براہ مہربانی اپنے تمام نیو یارک میں کیس کی شناخت کے ذرائع درج کریں۔

**حصہ B - درخواست کی قسم**

اپنے دفتری جائزے کے حصے کے طور پر آپ سپورٹ کولیکشن یونٹ (SCU) کے ساتھ ایک کانفرنس کی درخواست کر سکتے ہیں۔ کانفرنس شخصی طور پر یا ٹیلی فون کے ذریعے ہو سکتی ہے اور آپ کو دستاویزات پیش کرنے اور/یا اس وجہ (ان وجوہات) پر بحث کرنے کی سہولت ملے گی کہ آپ کیوں سمجھتے ہیں کہ آپ کو اضافی ادائیگیاں کی جانی چاہیئں۔

اگر آپ اپنے دفتری جائزے میں کانفرنس **نہیں** چاہتے ہیں تو "میں پہلے درجے کے دفتری جائزے کی درخواست کر رہا/رہی ہوں" کو منتخب کریں۔ اگر آپ اپنے دفتری جائزے میں کانفرنس چاہتے ہیں تو "میں سپورٹ کولیکشن یونٹ کے ساتھ ایک کانفرنس اور ایک پہلے درجے کے دفتری جائزے کی درخواست کر رہا/رہی ہوں" کو منتخب کریں۔ براہ کرم وہ وقت شامل کریں جو آپ سے رابطہ کرنے کے لیے بہترین ہو اور ہمیں بتانا یاد رکھیں کہ آیا یہ وقت صبح کا ہے یا پھر شام کا ہے۔

**حصہ C - جائزے کی قسم**

- دفتری جائزے کی وہ قسم منتخب کریں جس کے لیے آپ درخواست دے رہے ہیں: پاس تھرو پیمنٹ یا کمیولیٹیو ایکسس سپورٹ پیمنٹ۔
- اگر آپ **پاس تھرو پیمنٹ** کے دفتری جائزے کی درخواست کر رہے ہیں تو آپ کو ہمیں وہ دورانیہ بتانا چاہیے جس کے لیے آپ دفتری جائزے کی درخواست کر رہے ہیں۔ پاس تھرو پیمنٹ کے دفتری جائزے کے لیے جائزے کا دورانیہ جس مہینے میں جائزے کی درخواست کی گئی ہو اس کے کیلنڈر سال اور اس سے پچھلے کیلنڈر سال تک محدود ہوتا ہے اور صرف ان مہینوں کے لیے ہوتا ہے جن میں معاونت کے حقوق کی تفویض فعال ہو۔ مثال کے طور پر، اگر آپ اس کیلنڈر سال کسی وقت پاس تھرو پیمنٹ کے دفتری جائزے کی درخواست دیتے ہیں تو جن مہنوں کا جائزہ لیا جا سکتا ہے وہ زیادہ سے زیادہ کیلنڈر کے پچھلے سال کے جنوری کے مہینے تک کے ہو سکتے ہیں۔
    - وہ مہینہ اور سال درج کریں جہاں سے آپ دفتری جائزہ شروع کرنا چاہتے ہیں اور وہ مہینہ اور سال درج کریں جہاں آپ دفتری جائزہ ختم کرنا چاہتے ہیں۔
- اگر آپ **کمیولیٹیو ایکسس سپورٹ پیمنٹ کے دفتری جائزے** کی درخواست دے رہے ہیں تو جائزے کے دورانیے میں وہ تمام وقت شامل ہوتا ہے جس میں آپ کو TA وصول ہوا تھا۔ دفتری جائزے کا وقت اس پہلی تاریخ کو شروع ہو گا جب آپ کو TA وصول ہوا اور اس مہینے میں ختم ہو گا جب ڈسٹرکٹ نے آپ کو وصول شدہ TA ادا کرنے کے لیے آخری مرتبہ چائلڈ سپورٹ رکھی ہو۔
- ہمیں وجہ (وجوہات) بتائیں کہ آپ دفتری جائزے کی درخواست کیوں دے رہے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ کہہ سکتے ہیں کہ "مجھے مئی 20XX کی پاس تھرو پیمنٹ وصول نہیں ہوئی۔"
- آپ دفتری جائزے کی درخواست دینے کی اپنی وجہ کی حمایت میں دستاویزات منسلک کر سکتے/سکتی ہیں۔ دستاویزات کی مثالیں جنہیں آپ شامل کرنا چاہتے ہیں وہ یہ ہیں: 1) *وصول کردہ معاونت کی ماہانہ رپورٹ*، 2) *ایکسس سپورٹ لیٹرز*، یا 3) ہماری طرف سے موصول ہونے والے کوئی اور نوٹسز۔ اگر آپ دستاویزات شامل کر رہے ہیں تو براہ کرم "ہاں" باکس کو منتخب کریں۔ اگر آپ دستاویزات شامل نہیں کر رہے ہیں تو براہ کرم "نہیں" باکس کو منتخب کریں۔

**حصہ D - دستخط اور تاریخ**

- اپنے مکمل دستخط کریں۔
- اپنا مکمل نام درج کریں۔
- جب آپ نے فارم پر دستخط کیے وہ تاریخ درج کریں۔

**اپنا مکمل شدہ درخواست فارم جمع کروانا:** *پاس تھرو پیمنٹ یا کمیولیٹیو ایکسس سپورٹ پیمنٹ کے پہلے درجے کے دفتری جائزے کی درخواست* مکمل کر لینے کے بعد، مکمل کردہ فارم اور کوئی دیگر دستاویزات SCU کو جمع کروائیں جو آپ کا چائلڈ سپورٹ اکاؤنٹ ہینڈل کرتی ہے۔ آپ کسی بھی SCU کا پتہ یہاں آن لائن تلاش کر سکتے ہیں: https://www.childsupport.ny.gov/DCSE/LocalOffices۔ متعلقہ کاؤنٹی کا انتخاب کریں۔ کاؤنٹی رابطہ کی معلومات کے صفحہ کے سیکشن میں دیا گیا پتہ استعمال کریں۔ *دفتری جائزے کے لیے* اگر آپ کو اس بارے میں علم نہیں ہے کہ کس SCU کو فارم جمع کروانا ہے تو براہ کرم **چائلڈ سپورٹ ہیلپ لائن** کو ٹول فری **888-208-4485 (TTY: 866-875-9975)** پر پیر سے جمعہ صبح 8:00 بجے سے شام 7:00 تک کال کریں۔ منظور شدہ ریلے سروس فراہم کنندگان کی فہرست https://www.fcc.gov/general/internet-based-trs-providers پر دستیاب ہے۔

آپ کی جانب سے مکمل شدہ فارم بھیجنے کے بعد، SCU اور TA یونٹ آپ کی درخواست کا جائزہ لے گی اور SCU کو آپ کی تحریری درخواست وصول ہونے کی تاریخ کے 45 دفتری ایام کے اندر آپ کو جواب بھیجے گی۔ دفتری جائزہ اس بات کا تعین کرے گا کہ آیا آپ کو صحیح مقدار میں معاونت وصول ہوئی ہے۔ اگر آپ کو کوئی اضافی ادائیگی واجب الادا ہوئی تو یہ آپ کو اخذ شدہ نتیجے کے خط کی تاریخ کے 30 کیلنڈر کے ایام کے اندر دی جانا لازم ہے۔ TA یونٹ اس ادائیگی کو آپ کے EBT کارڈ میں ڈالے گا یا کچھ صورتحالوں میں آپ کو چیک بھیجے گا۔ اگر آپ کو ضرورت سے زیادہ معاونت کی ادائیگی ہو گئی ہو تو TA یونٹ آپ کو ادا شدہ زائد رقم واپس وصول کر سکتا ہے۔

اگر فارم یا ہدایات کے متعلق آپ کے کوئی سوالات ہوں یا اگر یہ معلومات پڑھنے کے بعد آپ کو لگے کہ آپ کا کوئی ایسا مسئلہ ہے جس پر دفتری جائزہ درکار نہیں ہے تو اوپر فراہم کردہ چائلڈ سپورٹ ہیلپ لائن کے نمبر پر رابطہ کریں۔